ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا جو قراءت میں "ح" کی بجائے "ھ" پڑھتا ہو

مجیب: مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1291

تاریخ اجراء: 06 رجب المرجب 1445ھ / 18 جنوری 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی امام قراءت کرتے ہوئے "ح" کی بجائے "ھ" پڑھے جیسے سورۃ الفاتحہ میں "الحمد" کے بجائے "الھمد" پڑھے، تو کیا ایسے امام کے پیچھے نماز ہو جائے گی؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جو امام قراءت میں "ح" کی بجائے "ھ" پڑھتا ہو، اس کے پیچھے نماز نہیں ہو گی کہ کئی جگہ پر معنی کا فساد لازم آئے گا۔

امام اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے سوال ہوا: "کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص جسے لوگوں نے مسجد جامع کا امام معین کیا جمعہ و جماعات میں گروہ مسلمین کی امامت کرتا ہے اور سورہ فاتحہ شریف میں بجائے الحمد والرحمن والرحیم کے الھمد والرھمن والرھیم بہ ہائے ہوز پڑھتا ہے، ایسے شخص کو امام بنانا جائز ہے یا نہیں اور اس کے پیچھے نماز درست ہو گی یا نہیں؟"

اس کے جواب میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: "اُسے امام بنانا ہرگز جائز نہیں اور نماز اس کے پیچھے نادرست ہے کہ اگر وہ شخص ح کے ادا پر بالفعل قادر ہے اور باوجود اس کے اپنی بے خیالی یا بے پروائی سے کلمات مذکورہ میں ھ پڑھتا ہے، تو خود اس کی نماز فاسد و باطل، اوروں کی اس کے پیچھے کیا ہو سکے اور اگر بالفعل ح پر قادر نہیں اور سیکھنے پر جان لڑا کر کوشش نہ کی، تو بھی خود اس کی نماز محض اکارت اور اس کے پیچھے ہر شخص کی باطل۔ اور اگر ایک ناکافی زمانہ تک کوشش کر چکا پھر چھوڑ دی جب بھی خود اس کی نماز پڑھی بے پڑھی سب ایک سی اور اُس کے صدقے میں سب کی گئی اور برابر حد درجہ کی کوشش کئے جاتا ہے مگر کسی طرح نہیں نکلتی، تو اُس کا حکم مثل اُمّی کے ہے کہ اگر کسی صحیح

پڑھنے والے کے پیچھے نماز مل سکے اور اقتدا ء نہ کرے بلکہ تنہا پڑھے تو بھی اس کی نماز باطل، پھر امام ہونا تو دوسرا درجہ ہے۔۔۔بہر حال ثابت ہوا کہ نہ اس شخص کی اپنی نماز ہوتی ہے، نہ اس کے پیچھے کسی اور کی، تو ایسے کو امام بنانا حرام اور ان سب مسلمانوں کی نماز کا وبال اپنے سر لیتا ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ253۔254، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net